© rasailojaraid.com

مطالعہ انسان کا مطالعہ ہے۔حال ہی میں تعلیمی بورڈ ملتان کی طرف سے اس کتاب کو ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

نام کتاب: ''معجزات پیغمبر ﷺ''

مصنف: مولانا عبداللطیف مسعود/ ترتیب: قاری غلام مرتضیٰ

ضخامت: ۳۱۴ صفحات/ قیمت: ۱۵۰ روپے

ناشر: دارالعلوم مدینہ ڈسکہ کلاں ضلع سیالکوٹ

ملنے کا پتا: دفتر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان

رسول اکرم ﷺ کی ہسٹری کو پڑھو تو اوّل سے تا بہ آخر، وہ آپ ثابت کرے گی اپنا عظیم ہونا، عجیب ہونا۔لوگ کہتے ہیں کہ ہر آنے والا جانے ہی کے لئے آیا ہے مگر خاتم الانبیاء ﷺ اس ضابطے سے مستثنیٰ ہیں۔آپ شب و روز کی بقا تک رہنے کے لئے آئے ہیں۔آپ کی کاملیت اور جامعیت بھی نہایت عظیم ہے۔جس کے بے انتہا پہلوؤں کو احاطہ فہم و ادراک میں نہیں لایا جاسکتا۔آپ ﷺ کا اس سے بڑا معجزہ کیا ہوسکتا ہے کہ عرب جیسی نا قابل اصلاح قوم کو ہر قسم کے کمالات سے مزین کرکے دنیا جہان کا رہبر و پیشوا بنا دیا۔اس کتاب میں رسول اکرم ﷺ کی شان کی چند جھلکیاں پیش کی گئی ہیں۔عیسائی اور دیگر منکرین حق اکثر اعتراض کرتے ہیں کہ محمد ﷺ کو کوئی معجزہ نہیں ملا۔حالانکہ نبوت اور معجزات لازم و ملزوم ہیں۔معجزہ کے معنی ہیں، نبی یا رسول کے ہاتھ سے کسی ایسے فعل کا صادر ہونا کہ جس کا کوئی غیر نبی مقابلہ نہ کر سکے۔اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ کو معجزے عطا کئے مگر رسول اکرم ﷺ کو سب پر درجہ حاصل ہے کہ

حسنِ یوسف ، دمِ عیسیٰ ، یدِ بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

مصنف ایک بہت بڑے عالم دین اور محقق ہیں۔مرزائیت و عیسائیت کا رد اُن کا خاص موضوع ہے۔انہوں نے اس کتاب میں، موضوع کے حوالے سے واقعی بہت محنت کی ہے جو پڑھنے کی چیز ہے۔


ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان

دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی
ملتان

۲۷ رجون ۲۰۰۲ء
بروز جمعرات
بعد نماز مغرب

ابن امیر شریعت، حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم

الداعی: سید محمد کفیل بخاری، ناظم مدرسہ معمورہ، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی۔ملتان فون: 061-511961




© rasailojaraid.com